*This Question Paper contains 08 printed pages.*

**(Sections - A, B, C & D)**

Sl.No. 1139

# 21(U)

**(MARCH/APRIL, 2022)**

---

***Maximum Marks : 80]*** ***[Time : 3 Hours***

ہدایات :

1) واضح صاف لکھاوٹ میں لکھیں۔

2) اس سوالیہ پیپر میں چار سیکشن A, B, C & D اور سوالیہ نمبرس 1 سے 49 تک ہیں۔

3) تمام سوالات لازمی ہیں۔ صرف داخلی اختیارات ہیں۔

4) بائیں جانب سوالات کے نشانات دیے گئے ہیں۔

5) جہاں بھی ضروری ہو صاف خاکہ اُتاریئے۔

6) نئے صفحہ پر نئے سیکشن لکھیے۔ جواب عددی ترتیب میں لکھیے۔

---

## SECTION-A

(الف) ذیل کی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھیے۔ **[3]**

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| 1) | قاضی جی | A) | علی عباس حسینی |
| 2) | سلمان فارسی کی خندق | B) | شوکت تھانوی |
| 3) | چاند بی بی | C) | مستنصر حسین تارڑ |

(ب) قوسین میں سے صحیح الفاظ کا استعمال کر کے ذیل کی خالی جگہ پُر کیجیے [2]

4) گنگولی نے منظر کو ____ روپے اُدھار دیے۔

(بیس، دو، پانچ)

5) بکرمادت ____ کا راجا تھا

(اجّین، بھوپال، پٹّن)

(ج) ذیل کے جملے صحیح ہیں یا غلط بتائیے۔ [2]

6) سائنس سٹی احمد آباد شہر میں واقع ہے۔

7) ڈپٹی نذیر احمد کا خط محنت کی اہمیت کے بارے میں ہے۔

(د) ذیل کے سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔ [3]

8) گُرو جی نے شاگردوں کو کیا حکم دیا؟

9) کس صحابی کے مشورے سے خندق کھودی گئی؟

10) رمضان میں مرزا صاحب نے کتنے روزے رکھے تھے؟

(ہ) ذیل کے سوالات کے جوابات دو۔تین جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

11) قاضی جی نے گھر کو جیل خانہ کیوں کہا ہے؟

12) منظر کہاں جا رہا تھا؟ کیوں؟

یا

جابر بن عبداللہ نے آپؐ کی دعوت کے لیے کیا انتظام کیا؟

(و) ذیل کے سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے ۔ ( کوئی دو) [6]

13) چاند بی بی اکبر سے صلح کرنے کے لیے کیوں تیار نہیں تھی؟

14) راجا بکر مادت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے ۔

یا

گنگولی نے پانچ روپیے کا منی آرڈر کیوں واپس کر دیا؟

## SECTION-B

(الف) ذیل کی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھیے ۔ [3]

| (الف) | | (ب) |
|---|---|---|
| 15) نوجوان سے | - | A) میر انیسؔ |
| 16) حضرت امام حسین کی شہادت | - | B) نادم بلخی |
| 17) نعتیہ سانیٹ | - | C) اسرار الحق مجازؔ |

(ب) قوسین میں دیے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔ [2]

18) وحی لے کر آنے والے فرشتے کا نام ______ ہے

(میکائیل ، جبرئیل ، اسرافیل)

19) جس نظم میں حضرت محمدؐ کی تعریف کی گئی ہو اُسے ______ کہتے ہیں۔

(نعت ، حمد ، قصیدہ)

(ج) ذیل کے جملے صحیح ہیں یا غلط بتائیے۔ [2]

20) 'جلوۂ سحر' نظم میں شام کا حسین منظر بیان کیا گیا ہے۔

21) حضرت حسنؓ پر چار سمت سے بھالے چل رہے تھے۔

(د) ذیل کے سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔ [3]

22) نوری صفت سے کون مراد ہیں؟

23) قدرت نے لڑکیوں کو کونسا زیور عطا کیا ہے؟

24) غبارِ شرق سے کیا مراد ہے؟

(ہ) ذیل کے سوالات کے جوابات دو۔تین جملوں میں لکھیے۔(کوئی دو) [4]

25) شاعر قوم کی لڑکیوں کو مردوں کی روشِ اختیار کرنے سے کیوں روک رہا ہے؟

26) منزل کے سامنے آنے پر شاعر کیوں بھٹک جانا چاہتا ہے؟

یا

صبح کے وقت کو شاعر نے سعادتوں کا وقت کیوں کہا ہے؟

(و) ذیل کے سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے۔(کوئی دو) [6]

27) صبح کا منظر اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

28) اسود و احمر سے کیا مراد ہے؟ سمجھائیے۔

یا

حضرت امام حسین کن دکھوں کا سامنا کر رہے تھے؟

## SECTION-C

(الف) ہم معانی الفاظ لکھیے۔ (کوئی دو) **[2]**

29) جدید

30) بشر یا بےنظیر

(ب) متضاد الفاظ لکھیے۔ (کوئی دو) **[2]**

31) ایمان

32) اوّل یا صحیح

(ج) اِملا درست کر کے دوبارہ لکھیے۔ (کوئی دو) **[2]**

33) اکھبار

34) گزل یا زالم

(د) مرکب لفظ سمجھائیے (کوئی ایک) **[1]**

35) جاندار یا خوبصورت

(ہ) ذیل میں دیے گئے شعر کی صنعت پہچانیے۔ **[1]**

36) یہ طور سے کہتی ہے ابھی تک شبِ معراج دیدار کی طاقت ہو تو پردہ نہیں کوئی۔

(و) ذیل کے الفاظ کی جمع لکھیے۔ (کوئی ایک) **[1]**

37) تصویر یا خبر

(ز) ذیل کے محاورے کا معنی لکھیے اور محاورے کا جملے میں استعمال کیجیے۔ [1]

38) بال بال بچنا۔

(ح) ذیل میں دیے گئے سابقے اور لاحقے کی مدد سے الفاظ بنائیے۔ (کوئی ایک) [1]

39) بد یا دار

(ط) ذیل کے الفاظ سے اسمِ کیفیت بنائیے۔ (کوئی ایک) [1]

40) دوست یا شریف

(ی) ذیل میں دی گئی کہاوت کا معنی لکھیے۔ [1]

41) اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑتا

(ک) ذیل کے الفاظ کو لغت کی ترتیب میں لکھیے۔ [1]

42) جواب، زوال، دوات، بازار

(ل) ذیل کے جملے میں حرفِ عطف بتائیے۔ [1]

43) فرحانہ اور ذکیہ باحیا لڑکیاں ہیں۔

(م) ذیل کے مجموعۂ الفاظ کے لیے ایک جامع لفظ لکھیے۔ [1]

44) کسی جگہ کی لمبائی ، چوڑائی اور اونچائی

## SECTION- D

45) ذیل میں دیے گئے پیراگراف کو پڑھ کر 1/3 حصے میں اس کا اختصار کیجیے۔ [4]

احمد ایک امیر ماں۔باپ کا بیٹا تھا۔اس کے ابا شہر کے ایک بڑے اور مشہور تاجر تھے۔ ان کی کوٹھی کے نزدیک ہی ایک ندی بہتی تھی۔برسات کے موسم میں ندی کا پانی چڑھ کر دونوں کناروں پر باہر نکل آتا تھا۔عام طور پر شام کے وقت احمد اپنی بہن کے ساتھ ندی کے کنارے کھیلا کرتا تھا۔اس کی بہن اس سے تین برس بڑی تھی۔وہ کنکر اور پتھروں کو ندی میں پھینکتا اور پانی میں ان کے گرنے کے بعد بننے والے دائروں کو دیکھ کر خوب خوش ہوا کرتا۔

46) ذیل میں دیے گئے نکات کا استعمال کر کے کہانی مکمل کیجیے۔ [4]

نوشیروان ایران کا بادشاہ ____________

ساتھیوں کے ساتھ شکار کو جانا ____________

شکار کے بعد کھانا پکانا ____________ نمک نہ ہونا ________

نمک کے لیے بھیجا ____ قیمت دیے بنا نمک نہ لانے کی نصیحت ______ سپاہیوں کی

حیرت ______ معمولی چیز کی کیا قیمت ______

نصیحت _____ ظلم کی شروعات معمولی بات سے ہوتی ہے ________

47) آپ کے اسکول میں منائے گئے 'یوم آزادی' سے متعلق 100 الفاظ میں احوال لکھیے۔ [4]

48) ذیل کے اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح لکھیے۔ [4]

اے جذبۂ دل گر میں چاہوں،

ہر چیز مقابل آ جائے

منزل کے لیے دو گام چلوں،

اور سامنے منزل آ جائے

یا

اک اک پل جوڑے

زندہ رہنے کی خواہش

پیچھا کب چھوڑے

49) ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر تقریباً 200 الفاظ میں مضمون لکھیے۔ [8]

(الف) میرا یادگار سفر

(ب) کورونا کا خوفناک منظر

(ج) آزادی کے 75 سال

✔ ✔ ✔ ✔